RAMPUR GOVT. GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد ۴	روز دوشنبہ تاریخ ۱۹ دسمبر ۱۸۹۲ء مطابق ۲۸ جمادی الاول ۱۳۱۰ھ	نمبر ۵۱

فہرست مضامین

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر

نقل حکم

۱۲ دسمبر ۱۸۹۲ء

حسب ملاحظہ یادداشت صاحب ڈائرکٹر بہادر سررشتہ تعلیم تقرر مسٹر مانک جی کو بعہدہ ہیڈ ماسٹری اسکول انگریزی بمشاہرہ ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار امتحاناً تین ماہ کے واسطے یکم دسمبر سنہ حال منظور کیا گیا۔

[illegible]

روبکار اجلاس صاحبزادہ وحید الدین صاحب بہادر جوڈیشل ممبر صیغہ جوڈیشل واقع ۱۱ ماہ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ء

ہم حصول رخصت کی بابت بیان خلاف قاعدہ کارروائی دیکھتے ہیں درخواست رخصت میں نہ یہ لکھا ہوتا ہے کہ اس شخص نے کب سے رخصت نہیں لی ہے اور اسکے کام کا ایام رخصت میں کیا انتظام کیا اور رخصت عارضی یا مانگی جاتی ہے یا کیا اور وہ استحقاق رخصت کا رکھتا ہے یا نہیں اور اگر بیماری کی وجہ سے رخصت چاہی جاتی ہے تو کیفیت ڈاکٹر شامل نہیں ہوتی اور جو شخص علاوہ بیماری کے رخصت چاہتا ہے تو درخواست میں صراحت کر دیجاوے کہ وہ کس قدر تنخواہ کا مستحق ہوگا پس آیندہ سے کوئی درخواست رخصت نہ لیجاویگی تاوقتیکہ ان جملہ مراتب کی صراحت نہ ہوگی اور بذریعہ نقشہ منسلکہ درخواست رخصت کیجاوے افسران متعلق ان جملہ مراتب کا خیال رکھیں بنابران

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا معہ نقشہ بغرض اندراج گزٹ بنابر اجراے کارروائی حسب منشاء روبکار ہذا مطبع کو بھیجی جاوے۔

دستخط وحید الدین

نقشہ رخصت ملازمان واقع سنہ ۱۸۹ ء

[illegible]	[illegible]	تنخواہ [illegible]	قسم رخصت		[illegible]	[illegible]	[illegible]
			[illegible]	بیماری			
۱	۲	۳	۴		۵	۶	۷

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

رخصت

۱۳ ماہ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ء

یادداشت صاحب مجسٹریٹ ضلع بدرخواست عطاے رخصت بابت ایام از ۱۳ ماہ دسمبر سنہ حال بوجہ روانگی بعلاقہ جیلداری خود علاوہ تعطیل پیش ہوکر رخصت مطلوبہ منظور ہوئی۔ کام مجسٹریٹی کا منشی [illegible] اسسٹنٹ مجسٹریٹ اور کام اسسٹنٹ مجسٹریٹی کا صاحبزادہ اشفاق حسین خان ممبر [illegible] آنریری مجسٹریٹیاں انجام دینگے۔

دستخط وحید الدین

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۱۲ ماہ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ء

ٹھیکہ داران عمارت کو واسطے بنانے تختہ کے بیشتر ضرورت لکڑی کی ہوتی ہے اور اس غرض سے وہ باغات معافی پر باغان خرید کرکے اجازت قطع کی چاہتے ہیں چونکہ بجاے درختان مقطوعہ جدید درختوں کا نصب ہونا ضروری ہے لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پر باغان سے ایک اقرار نامہ میعادی تین ماہ معرفت تحصیلدار حاصل کیا جاوے کہ وہ درختان جدید نصب کرلیوینگے ورنہ معافی ضبطی ہوگی اور نیز زر ضمانت درختان کے بحساب [illegible] فیصدی تاوقتیکہ درختان جدید نصب کئے جاویں امانت تحصیل میں رہینگے اور بعد اطمینان اسکے کہ موافق منشاء اقرار نامہ درخت نصب کردئے گئے وہ روپیہ دیا جاوے بعد تکمیل ایسے اقرار نامہ کے اجازت نیز درخت و قطع کی دیجاوے تحصیلداران علاقہ اس تعمیل کے ذمہ دار ہونگے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بطور سرکلر کے بغرض اطلاع و تعمیل تحصیلداران گزٹ میں شائع ہو جاوے۔

دستخط [illegible]

احکام صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

۱۲ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ء

بوجہ علالت منشی ... سنگھ پیشکار سررشتہ تالیف قانون کو رخصت یک ماہ بلاوضع تنخواہ عطا کی گئی اور بجاے اونکے لالہ حکم سنگھ سابق پیشکار تخفیف شدہ منشی مال جو بیکار ہین اوہی مشاہرہ پر جو حکم سنگھ کو ملتا تھا مقرر کئے گئے

[illegible]

اضافہ

۱۲ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ء

امتیاز علیخان نایب منصرم نزول نے فراہمی درختان مین محنت بہت کی کام اونکا پسند ہے چونکہ اونکو صیغہ مال سے دو روپے ماہوار تنخواہ ملتی ہے اسلئے یکم ماہ حال سے پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ حکم ہوا کہ

احکام مناسبہ جاری ہون۔

[illegible]

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۱۴ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ء

ہر ماہ کی اخیر یعنی ہفتہ اول ماہ آیندہ مین سب تحصیلات کی توزیعات وصول مالگذاری وغیرہ کا ملاحظہ ہونا چاہیے اب تک یہ کام لالہ ... داس صاحب منشی بہادر سے مال کے تعلق تھا لیکن لالہ صاحب کا حکم اب تخفیف مین ... منشی بہادر سے ... کے بعد ملاحظہ خود یا بہ تاریخ ہمارے سامنے بذریعہ ... پیش کیا کرین - روبکار درج گزٹ ہو۔

[illegible]

حکم صاحب سکرٹری بہادر

رخصت

۱۲ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ء

حسب درخواست نجم الغنی خان موعت ثانی تاریخ ... رخصت ... بغرض روانگی بالاپور عطا ہوئی۔

[illegible]

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چہپکر شائع ہوا۔

حکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل واقع ۲۵ نومبر ۱۸۹۲ء

ملاحظہ شد درج گزٹ ہو [illegible]

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل بلاسپور منعقدہ ۵ نومبر ۱۸۹۲ء

محمد علی رضا خانصاحب تحصیلدار بلاسپور صدر نشین

سید غلام شبیر صاحب [illegible] تحصیل بلاسپور سکرٹری

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین

(۱) محمد معشوق علی گرداور قانونگوئے ممبر

(۲) منشی نہال الدین عرائض نویس

(۳) لالہ گنیشی لال تحصیلدار

(۴) تقی یاور محرر صفائی۔

غیر ملازمین

(۱) لالہ مادھو رام ساہو ممبر

(۲) محمد دیدار شاہجہان ممبر

(۳) لالہ کنہی لال بزاز ممبر

(۴) محمد حیات خان ممبر

امور تصفیہ طلب

۱۔ قصبہ بلاسپور میں چہچہ مکان زنانہ کاشی رام کہتری متصلہ کوچہ لالہ مادھو رام صاف نہیں رہتا اور آب غلیظ اور متعفن اوسمے گر کر آمد و رفت ہو وہاں میں جاری رہتا ہے جس سے باعث تکلیف انسان اور پیدائش امراض متصور ہے اسکا کچھ انتظام ہونا چاہیئے۔

تجویزات کمیٹی

بالاتفاق تجویز ہوا کہ کاشی رام کہتری کو معرفت محرر صفائی فہمائش و تاکید کیجاوے کہ انسداد آب غلیظ کر کے آئندہ کبھی رستہ میں پانی خراب نہ جاری ہونے پاویگا ورنہ اوسنے بازپرس کیجاویگی۔

صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق کیا۔

ملاحظہ شد ۲۵ نومبر ۱۸۹۲ء

۲۔ سیکرٹری کمیٹی صفائی بلاسپور کی رپورٹ ہے کہ منگلوا خاکروب اپنے حلقہ کی صفائی اکثر مقاموں پر بھی نہیں کرتا لہذا

بالاتفاق تجویز ہوا کہ سیکرٹری صفائی اور یہی تقی یاور محرر صفائی منگلوا خاکروب پر تاکید سخت کریں کہ آئندہ وہ کام صفائی متعلقہ خود بہت

اس بارہ میں انتظام مناسب ہونا چاہیے۔	صحت سے اچھی طرح کرے ورنہ بحالت موجودگی ... درخواست موقوفی خاکروب مذکور کیجاویگی۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق کیا۔

دستخط [illegible]

ملاحظہ شد ۲۵ر نومبر سنہ ۱۹۲ء

۳۔ بلاسپور کے بازار میں پیش دکانات حلوائیان کیچڑ پانی اکثر رہتا ہے جس سے باعث بدنمائی و تعفن وغیرہ کا ہے۔ اس باب میں تجویز مناسب ہونا چاہیے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ فوراً حلوائیان کو ممانعت و فہمایش کیجاوے کہ آئندہ پیش دکانات و متصل اونکے پانی کیچڑ نہ رکھا کریں اور نشیب فراز کو بھی ہموار کر دیں۔ ورنہ باعث ... ہوگا۔ صدر نشین صاحب بھی متفق ہوئے۔

دستخط [illegible]

ملاحظہ شد ۲۵ر نومبر سنہ ۱۹۲ء

۴۔ تمغہ ہائے برنجی سرکار سے جو خاکروبان صفائی بلاسپور کو ملے ہیں وہ اونکا استعمال بندش بر بازو سے درست نہیں کرتے ہیں جس سے ہر ایک کی شناخت میں نہیں آتے لہذا اونکو ہدایت تاکید ہونی چاہیے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی و منتظم میونسپلٹی تاکید خاکروبان ملازم صفائی پر کر دیں کہ آئندہ برخلاف گذشتہ استعمال تمغہ ہائے کریں ورنہ تدارک ہووے گا۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق کیا۔

دستخط [illegible]

ملاحظہ شد ۲۵ر نومبر سنہ ۱۹۲ء

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۷ دسمبر ۱۸۹۲ء

ملاحظہ ہوا بنا بر اندراج گزٹ [illegible] داخل دفتر ہو

رپورٹ منشی لیاقت حسین نائب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر

جناب عالی

نقشہ کارگزاری بابت ماہ نومبر ۱۸۹۲ء بذریعہ رپورٹ پیش کرتا ہوں ملاحظہ سے ظاہر ہے کہ اس مہینے میں پندرہ روز دورہ اور تین روز بکار سرکار اور بارہ یوم بوجہ علالت بجمعول رخصت رام پور میں قیام ہوا۔

دولت جاوید باد

نقشہ کارگذاری سنٹری کمشنر ریاست رامپور بابت ماہ نومبر ۱۸۹۲ء متعلق گشت گرداوری

تاریخ و ترتیب ماہ و سنہ	نام مقام روانگی	تعداد فاصلہ کوس	نام مقام پہنچنے	کیفیت معائنہ و کام
یکم نومبر ۹۲ء	طالب پور پرگنہ	۸ کوس	رامپور	معائنہ صفائی مواضعات حضور تحصیل
۲ لغایت ۱۴ نومبر ۹۲ء	.	.	"	بوجہ علالت رخصت حاصل کی گئی اور شہر میں رہ کر علاج کیا
۱۵ نومبر ۹۲ء	.	۸ کوس	رامپور	معائنہ صفائی مواضعات آغاپور ـ منصور پور ـ اجیت پور ـ منڈیان آزاد ـ سنت منڈیان تھو ـ
۱۶	.	"	"	طاسنگ بن پوری ـ جھنیا ـ بگی ـ ناکلہ
۱۷	.	"	"	اجی پور ـ کاشی پور ـ فرزند کاشی پور ـ سینجھنی
۱۸	.	"	"	منڈیان بے نظیر ـ سینگن کھیڑہ ـ رونہ وغیرہ
۱۹	رامپور	۲۰ کوس	ملک خانم	معائنہ شفاخانہ و صفائی مواضعات کیسر پور ـ شہدی نابہ ـ کہنڈیا ـ نگلہ عاقل ـ عظیم نگر ـ منڈیان مولی ـ مسایت شہزادنگر
۲۰	ملک خانم	۸ کوس	سوار	بگی ـ کھیریا ـ ناہ ـ جھیر ڈالاری ـ اننہ کھیڑہ ـ امرتا ـ بیگیا ـ اصالت پور ـ نوگزا ـ اکی نگلہ ـ سیو پورہ ـ
۲۱	.	.	"	جالف نگلہ ـ کھوری پورہ ـ مزرعہ دلدار ـ کھنوا دست ہلا ـ مکت ٹھیلا ـ سوار ـ
۲۲	.	.	"	شفاخانہ و صفائی تحصیل سوار ـ صفائی مواضعات ترپت نگر ـ بیلپسانہ ـ کودو ـ چاو ـ پورہ ـ سواسی ـ
۲۳	.	.	"	برپوار ـ لال پور ـ سوا کھیڑہ ـ چندر پوری ـ فاضل پور ـ دھنوری ـ مکٹ پور ـ کھوہی پورہ ـ
۲۴	سوار	۸ کوس	ٹانڈہ	معائنہ شفاخانہ و صفائی تحصیل ٹانڈہ ـ
۲۵	ٹانڈہ	۸ کوس	اکبرآباد	چھبت پورہ ـ محبت نگر ـ نرائن پور ـ دھن رامپور ـ نیاگانوں ـ اوتانالی ـ پربت پور ـ کھانڈ کی کھیڑہ ـ اکبرآباد ـ
۲۶	.	.	"	نصر آباد عرف کھیریا ـ جمال گنج ـ سورجپو ـ چوکنڈی ـ نیلی پورہ ـ رجپورہ ـ
۲۷	اکبرآباد	۸ کوس	لاہباکھیڑہ	لاہباکھیڑہ منڈیان حسن ـ دھنوپورہ ـ مزرعہ دھنوپورہ ـ ششہ پورہ ـ
۲۸	لاہباکھیڑہ	۸ کوس	رامپور	علی نگر مزرعہ علی نگر ـ سوجیو ـ نالی پوٹھ نگر ـ سمریا ـ لالپور ـ سینگن کھیڑہ ـ

اس مہینہ میں پندرہ یوم دورہ کیا اور تین یوم سرکاری کام میں رہا اور بارہ یوم بوجہ علالت حصول رخصت رامپور میں مقیم رہا ـ

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور ـ

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۱۳ لغایت ۱۹ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ع

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد		تفصیل پیدائش: عورت		میزان	تفصیل فوتی												تفصیل امراض					کیفیت
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر	۲۳	۲	۲۳	۳	۵۴	۳۹	۱۰	۱۰	۷	۲	۰	۱۲	۱۳	۳۱	۴۰	۱۳	۴۷	۰	۲	۰	۴۹	۵۱	۰
حضور تحصیل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۵	۱۲	۶	۱۸	۴۴	۱۱	۴۳	۳	۲	۰	۱	۱۸	۲۱	۲۲	۲۹	۱۹	۳۲	۰	۰	۳۰	۲۸	۵۱	۰
ملک	۱	۱۳	۰	۵	۱۴	۱	۱۵	۸	۶	۰	۱	۵	۲	۱۵	۹	۵	۱۹	۰	۱	۱۰	۱۳	۲۲	۰
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
میزان	۲۹	۳۵	۲۹	۲۶	۱۱۹	۵۸	۶۱	۲۲	۱۹	۲	۲	۴۳	۳۸	۶۵	۵۹	۳۸	۸۸	۰	۳	۴۰	۹۳	۱۲۶	۰

نقشہ نرخ نامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۱۳ لغایت ۱۹ دسمبر سنہ ۱۸۹۲ع

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۲ سیر	۱۲ سیر	۰	۱۰ سیر	۰	حضور تحصیل و سوار و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۱۸ سیر	۱۶ سیر	۰	۱۹ سیر	۰	
نخود کسا میز	۰	۱۵ سیر	۱۹ سیر	[illegible]	۲۲ سیر	۰	
گنجہ	۰	۰	۲۰ سیر	۰	۲۵ سیر	۰	
ماش	۰	۱۹ سیر	۱۷ سیر	۰	۱۷ سیر	۰	
مونگ	۰	۱۰ سیر	۱۷ سیر	۰	۱۵ سیر	۰	
مکا	۰	۲۴ سیر	۲۴ سیر	۰	۰	۰	
چنی	۰	۱۹ سیر	۲۲ سیر	۰	۲۸ سیر	۰	
کوجنی	۰	۱۱ سیر	۱۵ سیر	۰	۲۰ سیر	۰	
عدس	۰	۱۹ سیر	۲۰ سیر	۰	۱۷ سیر	۰	
ارہر	۰	۲۰ سیر	۲۰ سیر	۰	۰	۰	
برنج	۰	۱۴ سیر	۱۳ سیر	۰	۱۲ سیر	۰	
روغن زرد	۰	۱ سیر	۱ سیر	۰	۱ سیر	۰	
روغن سیاہ	۰	۳ سیر	۴ سیر	۰	۴ سیر	۰	
روغن تلخ	۰	۴ سیر	۴ سیر	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۰	۸ سیر	۹ سیر	۰	۸ سیر	۰	
نمک لاہوری	۰	۶ سیر	۶ سیر	۰	۶ سیر	۰	
قند سیاہ	۰	۸ سیر	۹ سیر	۰	۱۱ سیر	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور